★★★ آپ ہر نئی صبح کا سورج طلوع ہوگا نوید پاکستان کے ساتھ ★★★

راولپنڈی، اسلام آباد، ملتان، کراچی، فیصل آباد، جہلم، گجرات، اوکاڑہ، بہاولنگر، چشتیاں، ہارون آباد اور قصور میں سرکولیشن جاری ہے

ABC CERTIFIED

DAILY NAVEED E PAKISTAN LAHORE

چیف ایڈیٹر، رانا خلیل ضمیر

روزنامہ نویدِ پاکستان

لاہور بہاولنگر

سب ایڈیٹر: مظہر حیات | گروپ ایڈیٹر: شہباز انجم رانا | مینجنگ ایڈیٹر: چوہدری وقاص علی

جلد نمبر 31 | جمعۃ المبارک 10 اکتوبر 2025، 16 ربیع الثانی 1447ھ | صفحات 4، قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 179

# وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا گڈ گورننس پر خطاب

## بین الاقوامی محتسب انسٹی ٹیوٹ کی کانفرنس میں وفاقی محتسب کی شرکت

سرگودھا(رپورٹ ای این آئی) سرگودھا وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ علاقائی دفتر لاہور قانون کی حکمرانی اور گڈ گورننس کے قیام میں محتسب اداروں کا کردار بنیادی ستون ہے۔ وفاقی محتسب اچھی طرز حکمرانی کو فروغ دینے میں قانون کی حاکمیت کو مرکزی حیثیت حاصل ہے۔ اعجاز احمد قریشی وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا بین الاقوامی محتسب انسٹی ٹیوٹ کی کانفرنس سے خطاب وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ قانون کی حکمرانی، گڈ گورننس اور انصاف کے قیام میں محتسب کے اداروں کا کردار بنیادی ستون کی حیثیت رکھتا ہے۔ وہ گزشتہ روز محتسب اداروں کے ذریعے قانون کی حکمرانی کو مضبوط بنانے کے موضوع پر ایک بین الاقوامی کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ یہ کانفرنس محتسب پنجاب اور آئی او آئی کی نائب صدر عائشہ حامد کی میزبانی میں بین الاقوامی محتسب انسٹی ٹیوٹ (IOI) کے زیر اہتمام منعقد ہورہی ہے۔ آئی او آئی محتسبین اور ثالثی اداروں کی 200 رکنی مضبوط عالمی تنظیم ہے۔ کانفرنس میں آذربائیجان، بحرین، انڈونیشیا، جاپان، کرغزستان، مکاؤ(چین)، فلپائن، تیمور لیسٹے اور پاکستان میں محتسب اداروں کے سربراہان سمیت بین الاقوامی شرکاء کی بڑی تعداد شرکت کررہی ہے۔ وفاقی محتسب نے کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ محتسب اداروں کے کاموں میں ریاستی اداروں کو مزید متحرک، موثر اور عام لوگوں کے فائدے کے لیے ان کی خدمات کو بہتر بنانا شامل ہے، انہوں نے کہا کہ محتسب کے ادارے مساوات، عوام کی خدمت اور انصاف کو فروغ دینے میں اپنا بھرپور کردار ادا کررہے ہیں۔ اعجاز احمد قریشی نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کی متعلقہ قراردادوں میں بیان کردہ بنیادی نکات کے مطابق انسانی حقوق کے تحفظ اور آزادی، گڈ گورننس اور قانون کی حکمرانی کے فروغ میں اپنا کردار ادا کررہا ہے۔ وفاقی محتسب نے مزید کہا کہ بدانتظامی سے نمٹنے نیز کارکردگی، نظم وضبط، خدمات کی فراہمی کے معیار کو فروغ دینے اور معاشرے میں قانون کی حکمرانی کو مضبوط بنانے میں محتسب اداروں کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ اعجاز احمد قریشی نے وفاقی محتسب کے مختلف اقدامات کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ ادارے کی جانب سے بدانتظامی سے متعلق ازخود نوٹسز مختلف سرکاری اداروں کی کارکردگی میں بہتری لانے میں کافی مددگار ثابت ہوئے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی محتسب کے مختلف اقدامات بشمول دور دراز کے علاقوں میں کھلی کچہریوں کا انعقاد اور معائنہ ٹیموں کے ذریعے ایسے سرکاری اداروں کے دورے جن کے خلاف زیادہ شکایات آتی ہیں، شفافیت اور احتساب کو فروغ دینے میں بہت موثر ثابت ہوئے ہیں نیز اسی طرح کے دیگر اقدامات سے بھی قانون کی حکمرانی کو مضبوط بنایا جارہا ہے۔ (IOI) کانفرنس سے بین الاقوامی مقررین کے علاوہ، صوبائی محتسب پنجاب عائشہ حامد، وفاقی انشورنس محتسب، وفاقی ٹیکس محتسب اور وفاقی محتسب برائے انسداد ہراسیت نے بھی خطاب کیا۔



ہمارے لئے اللہ ہی کافی ہے اور وُہی سب سے بہتر مددگار ہے القرآن

ABC CERTIFIED آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ☆

★★★★★★★ اسلام آباد، راولپنڈی، ملتان، مظفرآباد، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا موثر ترین قومی اخبار 2331689-90 ☎

چیف ایڈیٹر: سردار خان نیازی

روزنامہ پاکستان اسلام آباد

THE DAILY PAKISTAN ISLAMABAD

جلد: 34 | جمعۃ المبارک 10 اکتوبر 2025ء، 15 ربیع الثانی 1447ھ، 26 اسوج 2082 ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ: 157



گوجرانوالہ، چیمبر آف کامرس کی طرف سے وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کو شیلڈ پیش کی جارہی ہے

# تاجر وصنعتکار پاکستانی معیشت کا اہم ستون، اعجاز احمد قریشی

## کاروباری برادری کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کررہے ہیں، وفاقی محتسب

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے کہا ہے کہ کاروباری حضرات اور صنعتکار پاکستانی معیشت کا اہم ستون ہیں جو لوگوں کو بڑی تعداد میں روزگار فراہم کرتے ہیں اور اس سے ملکی معیشت کا پہیہ گھومتا ہے۔ انہوں نے ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کے دورے کے موقع پر ایک تقریب سے مہمان خصوصی کے طور پر خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں صنعت وتجارت سے متعلق اہم شخصیات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ وفاقی محتسب نے اپنے خطاب میں کہا کہ پاکستان کی معاشی ترقی میں صنعت وتجارت کے اہم کردار کے پیش نظر ہم کاروباری افراد کے مسائل کے فوری حل پر خصوصی توجہ دے رہے ہیں۔ وفاقی اداروں کی بدانتظامی کے خلاف کاروباری برادری کی شکایات کے ازالے کے لئے ہمارے دروازے چوبیس گھنٹے کھلے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کے تقریبا 200 سے زیادہ ادارے وفاقی محتسب کے دائرہ اختیار میں آتے ہیں جن کے خلاف گزشتہ سال دو لاکھ 23 ہزار سے زائد شکایات کو نمٹایا گیا۔ قبل ازیں چیمبر آف کامرس کے عہدیداران نے وفاقی محتسب کو بجلی اور گیس کی بڑھتی ہوئی قیمتوں کی وجہ سے برآمدات میں کمی سمیت اپنے مسائل سے آگاہ کیا۔ انہوں نے وفاقی محتسب سے کہا کہ اگر بزنس کمیونٹی کے مسائل حل ہونے لگیں تو ملک معاشی طور پر بہت ترقی کرسکتا ہے۔ وفاقی محتسب نے اپنے خطاب میں صنعت وتجارت کے مسائل کے حل کے لئے کردار ادا کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ ان کے دفتر میں آن لائن شکایت بھی کی جاسکتی ہے جب کہ عوامی شکایات کے ازالے کے لئے ان کے 25 علاقائی دفاتر اور شکایات سنٹرز بھی کام کررہے ہیں، جن سے ان علاقوں میں رہنے والے لوگ بھرپور استفادہ کررہے ہیں، وفاقی محتسب کے پاس 99 فیصد غریب لوگ آتے ہیں جو وکیلوں کے اخراجات برداشت نہیں کرسکتے جبکہ یہ ادارہ ان کے مسائل مفت اور جلد از جلد حل کردیتا ہے۔ وفاقی محتسب نے وفد کو یقین دلایا کہ آپ اپنی انفرادی شکایات ہمارے پاس بھیجیں ہم قانون کے مطابق ان پر کارروائی کریں گے۔ قبل ازیں وفاقی محتسب نے علاقائی دفتر گوجرانوالہ کے دورے کے دوران ایک اجلاس کی صدارت بھی کی اور میڈیا کے نمائندوں کو وفاقی محتسب کی طرف سے اٹھائے گئے اہم اقدامات کی تفصیلات بیان کرتے ہوئے بتایا کہ اس سال اب تک دو لاکھ سے زائد شکایات موصول ہوچکی ہیں جس سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ سال کے آخر تک ان کی تعداد اڑھائی لاکھ سے بھی بڑھ جائے گی۔